ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (57)

26-01-2023

**بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 26 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 03 کلو سے زائد چرس، 460 لیٹر دیسی شراب و 40 لیٹر لہن معہ 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد، 08 پسٹل 30 بور اور 01 ریوالور 32 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں، ڈیراور، چنی گوٹھ، صدر احمد پور شرقیہ، سٹی حاصلپور، صدر یزمان، اور دھوڑ کوٹ نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 410 لیٹر شراب دیسی ولہن 40 لیٹر معہ 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، سٹی احمد پور، اور کوتوالی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 3 کلو 260 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ خیر پور ٹامیوالی، سٹی حاصلپور، صدر احمد پور شرقیہ، عباسنگر، کوتوالی، صدر یزمان، اور مسافر خانہ پولیس نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کاررائی کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کے قبضہ سے 08 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریپٹر 32 بور برآمد برآمد کرلیا۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، چنی گوٹھ، سمہ سٹہ اور مسافر خانہ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لا پرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والے 05 ملزمان کو گرفتار کر لیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں 26 ملزمان گرفتار**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (58)

26-01-2023

**بہاول پور () نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹرسائیکل / موٹرکار اور جیپ کے بیج نمبر 08 کی ٹریننگ مکمل, اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اورشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیےنواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح وشام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹرسائیکل / موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے،اس سلسلہ میں دو ہفتہ مشتمل ٹریننگ کے موٹرسائیکل / موٹر کار اور جیپ کے بیج نمبر 08 کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔اب تک 105 امیدواران سرٹیفیکیٹ حاصل کر چکے ہیں۔ بیج نمبر 09 کی ٹریننگ شروع کردی گئی ہے۔ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہو اور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔ اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹینس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سرٹیفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔دوران ٹریننگ نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو انچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے،ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے،آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہرصورت مدنظر رکھا جارہا ہے،ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کوٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور نواز بگا شہید پولیس ڈرائیونگ سکول حاصل پور کے مارننگ وایوننگ کے موٹر سائیکل / موٹرکار اور جیپ کے بیج نمبر 08 کی ٹریننگ مکمل**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (59)

26-01-2023

# بہاولپور () پولیس کے 2 انسپکٹر لیگل کی ڈی ایس پی لیگل کے عہدے پر ترقی، آر پی او بہاولپور منیر احمد ضیاء راؤ اور ڈی پی او عبادت نثار نے ترقی پانے والے ڈی ایس پیز کو رینکس لگائے اور مبارکباد دی۔

بہاولپور ( ) آئی جی پنجاب کی زیر صدارت پروموشن بورڈ میں ریجن بہاولپور کے انسپکٹر لیگل سے ڈی ایس پی لیگل کے عہدہ پر ترقی پانے والے افسران جام محمد محسن انڑ اور عبدالرؤف جاوید کو ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور منیر احمد ضیاء راؤ اور ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار نے ترقی کے رینک لگائے۔ آر پی او نے اپنی نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگلے رینک میں ترقی آپ کی محنت کا نتیجہ ہے اور اپنے ہم منصب افسران میں بہتر کارکردگی ہونے کی بنیاد پر آپ لوگوں کو بورڈ نے ترقی کے لئے موذوں سمجھا۔ پولیس فورس کی کارکردگی بہتر بنانے میں سپروائزری افسران کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے لہذا تمام افسران مثالی لیڈرز کا کردار ادا کرتے ہوئے ماتحت فورس سے بہترین پرفارمنس لیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام افسران کمیونٹی اور جدید پولیسنگ کو شعار بنائیں اور جرائم کنٹرول کے ساتھ ساتھ شہریوں کو خدمات وانصاف کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ محکمانہ ترقی اور رینک میں اضافہ درحقیقت پولیس افسر کی ذمہ داریوں میں اضافے کا باعث بنتی ہے اور ہمیں نئے عہدے کے ساتھ ملنے والے فرائض کو مزید محنت، فرض شناسی اور بھرپور لگن کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے۔ اس موقع پر ایس پی لیگل محمد خان جوئیہ بھی موجود تھے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور پولیس کے 02 انسپکٹر لیگل کی ڈی ایس پی لیگل کے عہدے پر ترقی۔